1 نومبر 2023

سٹی آف برامپٹن طریقہ کار میں آسانی لانے اور کمیونٹی کی فلاح و بہبود کو بڑھانے کے لیے بزنس لائسنسنگ بائی لاء میں جدت لا رہا ہے۔

برامپٹن، آن - اپنے رہائشیوں اور کاروباروں کی بہتر خدمت کرنے اور کمیونٹی کی حفاظت اور بہبود کو یقینی بنانے کے لیے، سٹی نے بزنس لائسنسنگ بائی لاء 2013-332 کو بزنس لائسنسنگ بائی لاء 2023-184 سے بدل دیا ہے۔
1 نومبر سے، درج ذیل کاروباروں کو برامپٹن میں کام کرنے کے لیے سالانہ بنیادوں پر بزنس لائسنس حاصل کرنے کی ضرورت ہو گی:

- بیرونی اسٹوریج کی سہولت گاہیں،
- پالتو جانوروں کی دیکھ بھال،
- کیٹررز اور
- شہر سے باہر کار رینٹل کے کاروبار۔

نئے ضمنی قانون میں وہیکل پاؤنڈ کی سہولت گاہوں سے بھی یہ تقاضہ کیا گیا ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ گاڑیوں کے مالکان اپنی سہولت کے مطابق گاڑی یا اس کے مواد کے اجراء تک رسائی حاصل کر سکتے ہوں اور یہ کہ الکحل کو صرف الکحل اینڈ گیمنگ کمیشن آف اونٹاریو (AGCO) کے منظور شدہ تفریحی مقامات پر ہی پیش کیا جائے۔
رہائشیوں اور کاروباروں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ تبدیلیوں کی مکمل فہرست دیکھنے کے لیے نئے اسٹیشنری بزنس لائسنسنگ کے ضمنی قانون کا جائزہ لیں اور یہ سمجھ لیں کے اس قانون کا اطلاق ان پر کیسے ہو گا۔
سٹی آف برامپٹن اپنی کمیونٹی کی حفاظت اور فلاح و بہبود کو برقرار رکھتے ہوئے کاروبار کے لیے دوستانہ ماحول کو فروغ دینے کے لیے پُرعزم ہے۔

لنکس

نئے بزنس لائسنسنگ بائی لاء 2023-184 کا جائزہ لینے کے لیے، براہ کرم ملاحظہ کریں: https://pub-brampton.escribemeetings.com/filestream.ashx?DocumentId=95306.

اضافی معلومات

نئے اسٹیشنری بزنس لائسنسنگ بائی لاء 2023-184 کے بارے میں اضافی معلومات کے لیے، براہ کرم Licensing@brampton.ca سے رابطہ کریں۔

-30-

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca